# بگ ڈیٹا تجزیہ | خوراک اور اِس کا استعمال

پاکستان میں تمام یعنی **100٪** گھرانوں میں چائے کا استعمال کیا جاتا ہے، جبکہ سب سے زیادہ آمدنی والے طبقے میں کافی کے استعمال کی شرح صرف **6٪** تک محدود ہے۔کافی کے استعمال کے حوالےسے اعدادوشمار بالکل مختلف تصویر پیش کرتے ہیں۔ سب سے کم آمدنی والے **80٪** گھرانوں میں کافی کا استعمال تقریباً نہ ہونے کے برابر رہا۔

## چائے اور کافی کا استعمال آمدنی کے طبقات کے لحاظ سے




*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

### بگ ڈیٹا کا تجزیہ

### خوراک اور اِس کا استعمال

## پاکستان میں تمام یعنی 100% گھرانوں میں چائے کا استعمال کیا جاتا ہے، جبکہ سب سے زیادہ آمدنی والے طبقے میں کافی کے استعمال کی شرح صرف 6% تک محدود ہے۔

(اسلام آباد)، 09 فروری 2026

کیا پاکستان ایک ایسا ملک بن گیا ہے جہاں کافی کا استعمال عام ہو چکا ہے؟ اعداد و شمار اس بات کی تائید نہیں کرتے۔ پاکستان بیورو آف اسٹیٹکس کی جانب سے کیئے گئے ہاؤس ہولڈ انٹیگریٹڈ اکنامک سروے (HIES) کے اعداد و شمار کی بنیاد پر، گیلپ پاکستان ڈیجیٹل اینالیٹکس نے گزشتہ 30 دنوں کے دوران گھریلو سطح پر چائے اور کافی کی خریداری کا جائزہ لیا ہے۔ یہ اعداد و شمار چائے اور کافی کے اصل اور روزمرہ استعمال کی عکاسی کرتے ہیں، نہ کہ محض شوق یا دکھاوے کو۔

سروے کے نتائج سے واضح ہوتا ہے کہ چائے کے استعمال کے معاملے میں صورتحال تقریباً یکساں ہے۔ تمام آمدنی کے طبقات نے، 2018 اور 2025 دونوں سالوں کے دوران 98% سے 99% گھرانوں نے گزشتہ 30 دنوں کے دوران چائے خریدنے یا استعمال کرنے کی اطلاع دی۔ اس حوالے سے نہ آمدنی کے اعتبار سے کوئی واضح فرق سامنے آیا ہے، نہ طبقے کے لحاظ سے کوئی تقسیم دکھائی دی، اور نہ ہی وقت کے ساتھ کوئی نمایاں تبدیلی دیکھنے میں آئی ہے۔ پاکستان میں چائے آج بھی ہر گھر کی ایک بنیادی ضرورت ہے، جو کسی طرزِ زندگی کے انتخاب کے بجائے روزمرہ استعمال کی چیز سمجھی جاتی ہے۔

اس کے برعکس کافی کے استعمال کے حوالے سے اعداد و شمار بالکل مختلف تصویر پیش کرتے ہیں۔ سب سے کم آمدنی والے 80% گھرانوں میں دونوں سالوں کے دوران کافی کا استعمال تقریباً نہ ہونے کے برابر رہا۔ تمام آمدنی کے طبقات میں سے صرف سب سے زیادہ آمدنی والے 20% گھرانوں (Q5) میں کافی کا استعمال نظر آیا، جس کی شرح 2018 میں 1% سے بڑھ کر 2025 میں 6% تک پہنچ گئی ہے۔ اگرچہ یہ اضافہ کافی کے استعمال میں اضافہ کو ظاہر کرتا ہے، تاہم یہ اب بھی ایک محدود طبقے تک ہی محدود ہے۔

چائے اور کافی کے استعمال میں یہ فرق ایک اہم حقیقت کو واضح کرتا ہے۔ پاکستان میں مجموعی طور پر چائے سے کافی کی طرف کوئی نمایاں یا وسیع تبدیلی دیکھنے میں نہیں آئی۔ کافی کا استعمال صرف سب سے زیادہ آمدنی والے طبقے تک محدود رہا ہے، جہاں یہ ایک عام عادت کے بجائے زیادہ تر حیثیت اور طرزِ زندگی کی علامت کے طور پر سامنے آتی ہے۔

اگرچہ شہری علاقوں میں کافی شاپس کی بڑھتی ہوئی تعداد ایک وسیع ثقافتی تبدیلی کا تاثر دیتی ہے، تاہم قومی سطح کے اعداد و شمار ایک مختلف اور محدود تصویر پیش کرتے ہیں۔ گزشتہ 30 دنوں کی خریداری پر مبنی ڈیٹا اندازوں کے بجائے اصل رویے کو ظاہر کرتا ہے، جس کے مطابق چائے ہر طبقے میں عام ہے جبکہ کافی کا استعمال اب بھی صرف امیر طبقے تک محدود ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

یہ تجزیہ گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے جاری کیا گیا ہے۔ یہ پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس کی جانب سے کیے گئے ہاؤس ہولڈ انٹیگریٹڈ اکنامک سروے (HIES) کے ڈیٹا پر مبنی ہے، جس میں گزشتہ 30 دنوں کے دوران گھرانوں کی جانب سے خریدی گئی چائے اور کافی کے اعداد و شمار شامل ہیں۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, 09 February 2026**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating
46
years
of Gallup Pakistan
(1980-2026)